شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۱۱۔۹۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷۔(۱۱۔۹۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

یو ایس انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن کی جانب سے
ہندوستان کے انگریزی اساتذہ کو گرانٹ کی پیشکش

نئی دلی 23 مارچ 2009: یو ایس انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (USIEF) کو ایسے نوجوان ہندوستانیوں سے جو ابھی کالج کی سطح پر انگریزی زبان کی تدریس سے وابستہ ہوں یا انگریزی کا ٹیچر بننے کے لئے ٹریننگ حاصل کر رہے ہوں؛ امریکہ میں اردو، ہندی، بنگالی یا گجراتی پڑھانے لئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ اس دوران وہ اپنی انگریزی زبان کی تدریسی استعداد کو بھی مضبوط کر سکیں گے۔

یو ایس انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (USIEF) کے 'فارین لینگویج ٹیچنگ اسسٹنٹ پروگرام' کے تحت 21 تا 29 سال عمر کے ہندوستانیوں کو جو اس ملک میں ہی انگریزی زبان کی تدریس کے میدان میں قدم رکھ رہے ہوں؛ امریکی کالجوں، یونیورسٹیوں اور ہائی اسکولوں میں نو ماہ کے لئے مذکورہ چار ہندوستانی زبانوں میں سے کسی ایک زبان کی تدریس کے لئے بھرتی کیا جا رہا ہے۔ امریکہ میں قیام کے دوران انہیں اپنی استعداد اور انگریزی زبان کی مہارت کو خوب تر بنانے اور امریکی معاشرہ اور کلچر کے بارے میں اپنی معلومات میں اضافہ کرنے کا موقع ملے گا۔

ہندوستان اور امریکہ کے درمیان تعلیم کے شعبہ میں تعاون کو مضبوط کرنے کے اپنے اقدامات کے طور پر USIEF اگست/ستمبر 2010 سے شروع ہونے والے امریکی تعلیمی سال کے لئے ان گرانٹس کی پیشکش کر رہا ہے۔ امریکی تعلیمی اداروں میں ٹیچنگ اسسٹنٹ کے طور پر خدمات انجام دینے کے ساتھ ساتھ منتخب ٹیچرس امریکہ میں اپنے قیام کے دوران نان ڈگری اسٹوڈنٹ کے طور پر انگلش ٹیچنگ اور یو ایس اسٹڈیز کے کورسیز میں بھی داخلہ لے سکتے ہیں۔ وہ ثقافتی پروگراموں اور لینگویج کلبوں میں بھی شامل ہو سکتے ہیں اور ہندوستان اور امریکہ کے درمیان ثقافتی افہام و تفہیم کو فروغ دینے کیلئے کمیونٹی میل ملاپ کے پروگراموں میں شرکت کر سکتے ہیں۔

اس نان ڈگری پروگرام کے لئے درخواست موصول ہونے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2009 ہے۔ مزید معلومات کے لئے یو ایس انڈیا ایجوکیشنل فاؤنڈیشن (USIEF) کے دفتر واقع فلبرائٹ ہاؤس، 12 ہیلی روڈ، نئی دلی 110001؛ ای میل: ip@fulbright-india.org؛ ویب سائٹ: www.usief.org.in؛ فون: 011-42090909؛ فیکس: 011-23329718 میں مس سرینا پراچے یا ڈاکٹر گائتری سنگھل سے رابطہ کریں۔

(پ۔ ۲۳ مارچ ۲۰۰۹)

☆☆☆